LANGUAGE - URDU - MODEL PAPER

Time Allowed: 2.30 Hours | Set - 3 | Maximum Marks : 90

## حصہ الف
### (نثر اور نظم)

I. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 6 x 1 = 6

1) ذیل کے اشعار کو ترتیب وار مکمل کیجئے۔

1) بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم غیر ہمیں اٹھائے کیوں

2) دل ہی تو ہے نہ سنگ وخشت درد سے بھر نہ آئے کیوں؟

3) دیر نہیں حرم نہیں در نہیں آستاں نہیں

4) روئیں گے ہم ہزار بار کوئی ہمیں ستائے کیوں

(الف) 1,2,3,4 (ب) 2,4,3,1 (ج) 2,3,4,1 (د) 4,1,2,3

2) علیم صبا نویدی نے اپنے ادب کے ذریعہ نام روشن کیا

(الف) ٹملناڈو کا (ب) کرناٹکا کا (ج) آندھرا کا (د) کیرلا کا

3) ہئیت کے اعتبار سے قصیدہ کی ______________ قسمیں ہیں

(الف) ایک (ب) چار (ج) دو (د) تین

4) جائے عبرت کو جائے ______________ بنادیا ہے۔

(الف) فطرت (ب) قدرت (ج) نصیحت (د) وحشت

5) پھر آپ کو ساتھ لے کر اپنے ______________ بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس پہنچیں۔

(الف) ماموزاد (ب) چچازاد (ج) خالہ زاد (د) پھوپی زاد

6) ہندوستان جیسے ملک کے لئے سب سے ضروری ہے کہ یہاں عوام میں ______________ ہو۔

(الف) دلچسپی (ب) قومی یکجہتی (ج) مذہبی (د) بزدلی

## حصہ (ب)
### (Grammer - Non detailed - Composition & Translation)
### (گرامر ، نانڈیٹیل، ترجمہ)

II. ذیل کے صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنے جوابی پرچے پر لکھئے:۔ 8 x 1 = 8

7) ''یہ لڑکا گدھا ہے '' اس میں صنعت پائی جاتی ہے۔

(الف) استعار (ب) مشبہ (ج) مشبہ بہ (د) حرف تشبیہ

8) ''ارمانوں کی نگری'' ______________ کے افسانہ نگار۔

(الف) عظیم بیگ چغتائی (ب) اے امیر انساء (ج) عبدالحق (د) پریم چند

9) الموڑہ میں ایک بڑے میاں رہتے تھے جن کا نام تھا ______________ ۔

(الف) احمد خان (ب) ندیم خان (ج) ابوخان (د) میاں خان

10) ______________ تھا تو نچلی ذات کا پر اچھے اچھے شریفوں سے زیادہ شریف تھا۔

(الف) نام دیو مالی (ب) جاپانی مالی (ج) طہرانی مالی (د) ایرانی مالی

11) ثریا کا پی. جی میں ______________ سبجکٹ تھا
(الف) اردو (ب) عربی (ج) انگریزی (د) فارسی

12) خط بڑھا - زلفیں بڑھیں - کاکل بڑھے - اس شعر میں کونسی صنعت ہے
حسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے
(الف) حسن تعلیل (ب) تلمیح (ج) مراعات النظیر (د) تضاد

13) اصول وقواعد کے جاننے کے علم کو______________ کہتے ہیں
(الف) علم بیان (ب) تلمیعلم فلکیات (ج) علم نجوم (د) علم لدنی

14) چراغ جل رہا ہے صنعت بتایئے۔
(الف) کنایہ (ب) تشبیہ (ج) مجاز (د) استعارہ

III. (الف) حصّہ نظم : کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے:۔ 3 x 2 = 6

15) سانیٹ کسے کہتے ہیں؟

16) بندرزر کسے کہتے ہیں؟

17) اہل بیت سے کیا مراد ہے ؟

18) عوامی شاعر کس کو کہتے ہیں؟

(ب) حصّہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات لکھئے:۔ 2 x 2 = 4

19) کیا مرزا کتابیں خرید کر پڑھتے تھے؟

20) جنازہ کے ساتھ جانے والے کتنے حصوں میں بٹ گئے ؟

21) بجلی کس نے ایجاد کی؟

IV. کسی سات سوالات کے جوابات مختصر طور پر لکھئے:۔ 7 x 2 = 14

23) مختصر جواب لکھئے:

(الف) کنایہ کی تعریف کیجئے؟

(ب) استعارہ کی مثال لکھئے؟

23) املا درست کیجئے:

(الف) بھادروہی ہے جو غسہ پر خابو رکھے

(ب) میری قلم کس نے توڑی

24) صحیح اردو میں لکھئے:

(الف) تمے کاں پڑھتیں سو

(ب) کیکو کھڑیں سو

25) ذیل کے مختصر جواب لکھئے

(الف) جہانگیر فرصت کے وقت کہا جاتا تھا؟

(ب) ''ارمانوں کی نگری'' کے مصنف کا نام لکھئے؟

26) الفاظ کے الٹ پھیر کو درست کریں:

(الف) بندھے بندھے گھبرا جاتی ہے پہاڑی بکری

(ب) نہ صاحب ایسا نہ کبھی ہوں گے ایسے بندے

27) ذیل کے جملوں کو فعل مستقبل میں بدلیں:

(الف) کریم بازار جارہا ہے

(ب) فاطمہ کتاب پڑھ رہی ہے

28) مختصر جواب دیجئے:

(الف) پرویز کہاں کا رہنے والا تھا؟

(ب) ''مائی تیرے بیٹا ہوئے'' یہ جملہ کس نے کہا؟

29) مختصر جواب دیجئے:

(الف) حسن تعلیل کی مثال لکھئے؟

(ب) تضاد کسے کہتے ہیں؟

30) '' اغیار'' ''ناصح'' ان لفظوں کے معنی بتایئے:

(الف) ذکر اغیار سے ہوا معلوم

(ب) حرف ناصح برا نہیں ہوتا

V (الف) حصّہ نظم: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 4 = 8

31) اقبال قوم کے افراد میں کس طرح کا عمل دیکھنا چاہتے ہیں؟

32) روٹی پیٹ میں نہ ہو تو آدمی پر کیا گذرتی ہے؟

33) مسافر میں کیا کیا خوبیاں تھیں؟

(ب) حصّہ نثر: کسی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں:۔ 2 x 4 = 8

34) بیس تیس ہزار سال پہلے کے انسان نے رفتہ رفتہ کیسے ترقی کی؟

35) حضورؐ پر پہلی وحی کے نزول کا واقعہ بیان کیجئے؟

36) ایک مچھلی والے سے حسن نظامی نے کیا سوال کیا؟ اور مچھلی والے نے کیا جواب دیا؟

VI. ذیل کے کسی تین سوالات کے جوابات لکھئے۔

37) ذیل کے اشعار کے بحوالہ متن تشریح کیجئے

پینے کو میسر پانی ہے کھانے کے لئے حاضر ہے غذا — تفریح کو سبزہ جنگل کا صحت کی محافظ صاف ہوا
پوشش کے لئے ملبوس بھی ہے رہنے کا مکاں بھی ستھرا سا — اور اس کے سوا کیا حاجت ہے انصاف تو کر تو دل میں ذرا
راحت کے لئے جو سامان ہیں قدرت نے ہم پہنچائے ہیں — اے بندۂ زرا پھر تیری ہوس نے پاؤں یہ کیوں پھیلائے ہیں

38) ذیل کی عبارت کو غور سے پڑھے اور نیچے دئے گئے سوالوں کے مختصر جواب لکھئے:

اگر چہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی مگر حوصلہ فراخ تھا۔سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ ان کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لولے اور اپاہج مرد وعورت ہر وقت پڑے رہتے تھے۔غدر کے بعد ان کی آمدنی کچھ اوپر ڈیڑھ سو روپیہ ماہوار کے ہوگئی تھی اور کھانے پینے کا خرچ بھی کچھ لمبا چوڑا نہ تھا۔

1)مرزا کی آمدنی کتنی تھی؟

2) ان کے مکان کے آگے کس قسم کے لوگ ہر وقت پڑے رہتے تھے؟

3) غدر کے بعد ان کے کھانے پینے کا خرچ کیسا تھا؟

4) غدر کے بعد مرزا کی ماہانہ آمدنی کتنی تھی؟

39) روپ کشوری اور اس کی بوڑھی ماں نے جہانگیر کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ ( یا )

اپنی بکری چاندنی کے لئے ابوخاں نے کیا نیا انتظا کیا؟

40)ترانہ کے والدین اچھے اچھے رشتہ کیوں مسترد کر دیتے تھے؟ (یا)

نام دیو کا چمن ہرا بھرا کیوں تھا؟

VII. (الف) کسی دو سوالات کے جوابات قلم بند کیجئے: 2 x 6 = 12

41)''دنیا کی بے ثباتی '' کا مرکزی خیال واضح کیجئے؟ ( یا )

''اہل بیت کی زندگی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے ؟

42)مرزا کی خودداری پر سیر حاصل بحث کیجئے ؟ ( یا )

'' مردہ بدست زندہ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے ؟

(ب) حصّہ نظم اپنی یادداشت کے سہارے نظم لکھئے 4 + 2 = 6

43) (الف) افلاس سے تھا..............(سے)..............جو ہر صبح وشام تھا (تک)

(ب) کہیں چھاؤں تو..................(سے)...........عقل سلیم ہے تری سان جل جلالہٗ (تک)

VIII. ذیل کے سوال کا جواب تفصیلی طور پر لکھئے: 6 x 1 = 6

44)ابوخان کے کردار پر روشنی ڈالئے؟ (یا)

پولیس کمشنر کے نام خط لکھئے اور محلے میں ہونے والے فسادات کی اطلاع دیجئے۔